سوال

ٹیموں سے پیسے لیکر انعام دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر تین ٹیمیں ہوں اور وہ آپس میں کوئی کھیل، کرکٹ فٹبال وغیرا کھیلیں، داخلا فیس ۵۰۰ روپے ہو۔

اور جیتنے والی ٹیم کو ۱۵۰۰ انعام کے طور پر دیے جائیں یہ صحیح ہے یا جوئے کے زمرے میں آتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جوئے کی شکل ہی نظر آتی ہے، ہاں البتہ ٹیموں سے پیسے لینے کی بجائے اگر کوئی تیسرا آدمی اپنی جیب سے انعام دے دے تو وہ صورت درست ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی